© rasailojaraid.com

تبصرے

رسالہ برہان میں تبصرے کے لئے دینے والے ہر کتاب کے دو نسخے ارسال کریں کیونکہ کتاب کا ایک نسخہ ادارے کے فائل میں رکھا جاتا ہے۔

مثنوی مولانا روم (مترجم دفتر اول) از مولانا قاضی سجاد حسین صاحب صدر مدرس مدرسہ عالیہ فتحپوری، دہلی، تقطیع متوسط، ضخامت ۸۰۴ صفحات، کتابت و طباعت اور کاغذ سب اعلیٰ، گٹ اپ خوبصورت، قیمت مجلد -/۲۵ پتہ: سب رنگ کتاب گھر، دہلی۔ ۶

مولانا سجاد حسین صاحب کسی تعارف کے محتاج نہیں، علمی اور تعلیمی حلقوں میں فارسی کی امہات کتب کے کامیاب مترجم کی حیثیت سے اب وہ ایسے ہی مشہور ہیں جیسے ایک زمانہ میں انگریزی کتابوں کے معتبر و مستند مترجم کی حیثیت سے مولوی محمد عنایت اللہ مرحوم تھے، زیر تبصرہ کتاب مثنوی مولانا روم کے دفتر اول کا اردو ترجمہ ہے اور اس میں شک نہیں کہ اپنی چند در چند خصوصیات کے باعث فاضل مترجم کے سابقہ تراجم سے بہت آگے نکل گیا ہے اول تو مثنوی کا مطلب سمجھنا اور اس کی حقیقت کو پہونچنا آسان نہیں کیونکہ اس میں دنیا بھر کی تلمیحات، تشبیہات و استعارات اور اشارات و کنایات ہیں جن پر عبور حاصل کرنے کے لئے نہایت وسیع اور ہمہ گیر مطالعہ درکار ہے اور چونکہ مثنوی "ہست قرآں در زبانِ پہلوی" کے مصداق فارسی میں فصاحت و بلاغتِ بیان کا عجیب و غریب شاہکار ہے اس بنا پر سمجھنے کے بعد اُس کو ترجمہ کے قالب میں ڈھال دینا سخت صبر آزما اور محنت طلب کام ہے، خوشی کی بات ہے کہ مولانا اس پورے مرحلے سے کامیاب و کامران گزرے ہیں، ترجمہ ٹو دی پائنٹ، شگفتہ و سلیس اور

© rasailojaraid.com